PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " امریکی انتخابات"

## "چار میں سے حصہ دوم"

## پاکستانیوں کی اکثریت (50%) کے مطابق امریکی انتخابات پاکستان کے معاملات پر بہت زیادہ اثر انداز ہونگے:

## گیلپ پاکستان ملک گیر سروے


اسلام آباد، 26 اکتوبر، 2016

گیلپ پاکستان آئندہ منعقد ہونے والے امریکی صدارتی انتخابات کے سلسلے میں یہ پریس ریلیز جاری کر رہا ہے۔ یہ پریس ریلیز بین الاقوامی سروے سے منسلک ہے جو کہ ون/گیلپ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن کی طرف سے دنیا کے 44 ممالک میں (42,860 جوابدہندگان سے) کیا گیا ہے۔ پاکستان میں کیے گئے سروے جسے گیلپ پاکستان نے منعقد کروایا ہے کے مطابق پاکستانیوں کی اکثریت (50%) کے مطابق امریکی انتخابات پاکستان کے معاملات پر بہت زیادہ اثر انداز ہونگے۔

**پاکستان: امریکی صدر کا پاکستان پر تاثر؟ 50% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا پاکستان پر بہت زیادہ اثر پڑے گا۔**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب (1000) مردو خواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، **"آپ کے خیال میں امریکی انتخابات ہمارے ملکی معاملات (مثلاً معیشت، تجارت، امن وامان) پر کتنا اثر انداز ہوتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں امریکی انتخابات میں صدر کون بنتا ہے اس کا ہمارے ملک پر کتنا اثر پڑے گا؟"**، اس سوال کے جواب میں 50% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا پاکستان پر بہت زیادہ اثر پڑے گا، 25% افراد کے مطابق امریکی صدر کا پاکستان پر زیادہ اثر پڑے گا، 14% افراد کا کہنا ہے کہ تھوڑا اثر پڑے گا، جبکہ 7% افراد کا کہنا ہے کہ پاکستان کو بالکل بھی اثر نہیں پڑے گا، تاہم 4% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ اس سروے کے نتائج اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستانیوں کی اکثریت کے مطابق امریکی انتخابات سے جو بھی نتائج ہوں گے اس کا اثر ہمارے ملک کی معاشی ترقی، تجارت، امن وامان پر پڑے گا۔

"آپ کے خیال میں امریکی انتخابات ہمارے ملکی معاملات (مثلاً معیشت، تجارت، امن وامان) پر کتنا اثر انداز ہوتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں امریکی انتخابات میں صدر کون بنتا ہے اس کا ہمارے ملک پر کتنا اثر پڑے گا؟"




*Source: Gallup Pakistan*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk)*

**مختلف ممالک کے نتائج کا موازنہ:**

دنیا کے مختلف ممالک میں سے 43 ممالک میں (41,860 جوابدہندگان سے) امریکی صدر کا دنیا بھر میں تاثر دیکھنے کے لیے یہی سوال پوچھا گیا۔


## دنیا بھر میں: امریکی صدر کا تاثر؟ دنیا بھر سے 49% افراد کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا بہت اثر پڑے گا۔

دنیا بھر سے 20% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا بہت زیادہ اثر پڑے گا، 49% افراد کے مطابق امریکی صدر کا بہت اثر پڑے گا، 19% افراد کا کہنا ہے کہ تھوڑا اثر پڑے گا، جبکہ 6% افراد کا کہنا ہے کہ دنیا بھر میں بالکل بھی اثر نہیں پڑے گا، تاہم 6% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

## بھارت: امریکی صدر کا تاثر؟ دنیا بھر سے 30% افراد کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا بہت اثر پڑے گا۔

بھارت سے 27% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا بھارت پر بہت زیادہ اثر پڑے گا، 30% افراد کے مطابق امریکی صدر کا بھارت پر بہت اثر پڑے گا، 27% افراد کا کہنا ہے کہ تھوڑا اثر پڑے گا، جبکہ 10% افراد کا کہنا ہے کہ بھارت کو بالکل بھی اثر نہیں پڑے گا، تاہم 6% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


پاکستان کے نتائج کا موازنہ بھارت سے کریں تو بھارت کی نسبتاً پاکستانیوں کی 23% زیادہ تعداد کے مطابق نئے امریکی صدر کا پاکستان کے معاملات پر بہت زیادہ اثر پڑے گا۔ دو پڑوسی ممالک کے مابین امریکی صدر کے تاثر کے حوالے سے پایا جانے والا بہت زیادہ فرق پاکستان اور امریکہ کے مابین مختلف سطح پر پائے جانے والے تعلقات کی نشاندہی کرتے ہیں۔




*Source: WIN-GIA Global Poll on US Elections (2016)*
[http://www.wingia.com/](http://www.wingia.com/)

## مسلم ممالک: امریکی صدر کا تاثر؟ مسلم ممالک سے 36% جوابدہندگان کے مطابق امریکی صدر کا زیادہ اثر پڑے گا۔

8 مسلم ممالک بشمول افغانستان، آزربائجان، بنگلہ دیش، مصر، عراق، اُردن، لبنان اور فلسطین 7995 جوابدہندگان سے جب یہ سوال پوچھا گیا تو، 19% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ امریکی صدر کا مسلم ممالک پر بہت زیادہ اثر پڑے گا، 36% افراد کے مطابق امریکی صدر کا مسلم ممالک پر زیادہ اثر پڑے گا، 15% افراد کا کہنا ہے کہ تھوڑا اثر پڑے گا، جبکہ 11% افراد کا کہنا ہے کہ مسلم ممالک پر بالکل بھی اثر نہیں پڑے گا، تاہم 19% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔




*Source: WIN-GIA Global Poll on US Elections (2016)*
([http://www.wingia.com/](http://www.wingia.com/))

یہ حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1000 مرد و خواتین سے 22 اگست تا 28 اگست 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday October 26, 2016**

*(3 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2016

celebrating
36
years
of Gallup Pakistan
(1980-2016)